Volume I
No. 2

SP. 1-2-77 (E)
250

# THE SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## OFFICIAL REPORT

**Wednesday April 27, 1977**

CONTENTS


| | Pages |
|---|---|
| Message from the National Assembly *Re* ; Adoption of the Prevention of Corruption Laws (Amendment) Bill, 1977—*Read out* ... ... | 11 |
| Message from the National Assembly *Re* : Adoption of the Prevention of Smuggling Bill, 1977—*Read out* ... ... | 11 |
| Message from the National Assembly *Re* : Adoption of the Emigration (Amendment) Bill, 1977—*Read out* ... ... | 12 |
| Message from the National Assembly *Re* : Adoption of the Organisation of Islamic Conference (Immunities and Privileges Bill, 1977—*Read out* ... ... | 12 |
| Statement Laid on the Table of the House—*Promised information laid* ... ... | 12 |
| The Prevention of Smuggling Bill—1977—*Passed* ... ... | 13 |
| The Prevention of Corruption Laws (Amendment) Bill, 1977—*Passed* ... ... | 33 |
| The Emigration (Amendment) Bill, 1977—*Passed* ... ... | 37 |
| The Organisation of the Islamic Confrence (Immunities and Privileges) Bill, 1977—*Passed* ... ... | 51 |
| Motion Re : Reconsideration of the Prevention of Corruption Laws (Amendment) Bill, 1977—*Inadvertanty Omitted Schedule adopted.* ... ... | 53 |


PRINTED AT THE DOGARSONS ART PRINTERS, 17—URDU BAZAR, LAHORE
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI.
*Price : Paisa 50*

## SENATE DEBATE

## THE SENATE OF PAKISTAN

---

**Wednesday April 27, 1977**

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at ten of the clock in the morning, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

---

(Recitation from the Holy Quran)

---

**Mr. Chairman** : There are some messages from the National Assembly Secretariat addresed to this Secretariat.

### MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY *RE:* ITS ADOPTION OF THE PREVENTION OF CORRUPTION LAWS (AMENDMENT) BILL, 1977

**Mr. Chairman** : The first message is to the Secretary, Senate Secretariat, Islamabad. It is from the Secretary, National Assembly :

> "Sir, in pursuance of rule 109 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly 1973 I have the honour to inform the Senate Secretariat that the National Assembly passed the Prevention of Corruption Laws (Amendment) Bill, 1977, on the 26th April. A copy of the Bill is transmitted herewith. Kindly acknowledge receipt."

### MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY *RE:* ITS ADOPTION OF THE PREVENTION OF SMUGGLING BILL, 1977

**Mr. Chairman** : The second message is from the Secretary, National Assembly :

> "Sir, in pursuance of rule 109 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly 1973, I have the honour to inform the Senate Secretariat that the National



1650

[Mr. Chairman]

Assembly passed the Prevention of Smuggling Bill, 1977, on the 26th April A copy of the Bill is transmitted herewith. Kindly acknowledge receipt."

## MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY *RE*: ADOPTION OF THE EMIGRATION (AMENDMENT) BILL, 1977

**Mr. Chairman**: There is a third message to the same effect:

"Sir, in pursuance of rule 109 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly 1973, I have the honour to inform you that the National Assembly passed the Emigration (Amendment) Bill, 1977 on the 26th April. A copy of the Bill is transmitted herewith. Kindly acknowledge receipt."

## MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY *RE*: ADOPTION OF THE ORGANISATION OF ISLAMIC CONFERENCE (IMMUNITIES AND PRIVILEGES) BILL, 1977

**Mr. Chairman**: There is a fourth message from the same Secretariat:

"Sir, in pursuance of rule 109 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly 1973, I have the honour to inform you that the National Assembly passed the Organisation of Islamic Conference (Immunities and Privileges) Bill, 1977 on the 26th April. A copy of the Bill is transmitted herewith. Kindly acknowledge receipt."

That is all. No more messages.

## STATEMENT LAID ON THE TABLE OF THE HOUSE

[*Information promised in reply to starred Question. No.* 60 *asked by Senator Afzal Khan Khoso on the 28th December*, 1976, *regarding the number, domicile, method of selection etc of District Managers of the Rice Milling Corporation in the District of Jacobabad*]

The number of Managers grade-I, II and III of the Rice Milling Corporation of Pakistan in the District of Jacobabad is as under:

| | |
|---|---|
| (*i*) Manager grade—I | 4 |
| (*ii*) Manager grade—II | 10 |
| (*iii*) Manager grade—III | 28 |

2. In addition to the above there is one Zonal Manager posted at Jacobabad.

The appointments have primarily and essentially been made of candidates possessing domicile of the Province concerned. The posts were advertised in the Press and the selection was made by the Selection Board through interview.

The appointing authority in respect of Managers is Corporation through the Selection Board constituted for the purpose which comprises Resident Director (Sind & Baluchistan) and Director (Admn. & Dev :), Headquarter Office, Lahore.

Yes, the advertisements are published in the press inviting applications for the posts.

Graduation, preferably having experience in Rice Milling etc.

While making appointments, the prescribed qualification, experience and domicile has been adhered to as far as possible.

**Mr. Chairman :** Now, we take up legislative business, item No. 2. The Law Minister will move.

## THE PREVENTION OF SMUGGLING BILL, 1977

**Mr. S. M. Masud** (Minister for Law and Parliamentary Affairs) : Mr. Chairman, Sir, I beg to move :

> "That the Bill to provide for effective prevention of smuggling and for matters connected therewith [The Prevention of Smuggling Bill, 1977], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

**Mr. Chairman :** The motion moved is :

> "That the Bill to provide for effective prevention of smuggling and for matters connected therewith [The Prevention of Smuggling Bill, 1977], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

Yes ?

**Mr. S. M. Masud :** Mr. Chairman, Sir, as you are aware, in an under-developed country the economy of that country is very important, and smuggling has been declared as anti-social activity by the framers of the Constitution. We have noticed that in the past smugglers in this country were bent upon ruining its economy. They took out necessary goods from this country which were very vital for its economy. There were persons who were at the back of those hirelings, whom we may call carriers, and we found that the real culprits, who engaged such persons in smuggling of goods, escaped from the clutches of law. The real culprits who were at the back hired small people and engaged them for the purpose of smuggling. The result was that in the past, on many occasions, smuggling was considered as a curse for the country. It gave serious threat to the economy of the country. We have found that at one stage the Govern-

[Mr. S. M. Masud]

ment was bound to raise even the prices in the country, so that smuggling could be restricted. We found that the laws, which were in the Legislative List of this country, were not effectively controlling the situation. There was only one Customs Act, but it was not effectively taking into consideration the new situation, and it was not preventing the situation, and the smuggling was on the increase. This law, which was promulgated as Ordinance, has now been passed by the National Assembly. If you will kindly look, you will see that the Bill, which has been passed, is divided into six chapters. Chapter one deals with the cases of the nature of the preventive detention in which the Federal Government is competent to pass an order of the nature of preventive detention against those persons against whom the Government has reason to believe that they are engaged in the smuggling of goods and articles. Chapter two, deals with those kinds of cases in which goods are taken from Pakistan to outside Pakistan, and which were resulting in the serious threat to the economy of this nation. This needed that the necessary goods which are required for the people of Pakistan may not be taken out of this country. So, if the Federal Government feels that there is reasonable ground by which a check can be made by which necessary goods cannot be taken out of this country, an order in the nature of preventive detention can be passed.

Now, to see that there should not be unnecessary harassment, and only in the cases of those persons against whom there is really a matter available with the Federal Government the Federal Government can pass an order of the nature of preventive detention. But there is the Review Board which will be constituted of three judges from the Supreme Court or the High Court. This Review Board will be constituted by the Chief Justice of Pakistan. Necessary safeguards have been taken into consideration that those persons, who may be innocent, may not be hauled up by the Executive, and there should be some material, and if time and again if there are sufficient reasons to believe that there are grounds for which order of preventive detention can be extended, it can be extended by the Review Board on grounds available to it. Now, the safeguard in the constitution of the Review Board, as you will find, has been provided through the appointment of the highest judicial officer available in this country.

Now, this is in respect of the orders which are passed in the nature of preventive detention Then, we have found that the Executives can call for the security from such persons, if there is a fear that they are involved in smuggling. The Government can take necessary action, if by producing evidence before a special judge—who will be the Sessions Judge in most of the cases, except in the case of Lasbella and one other district, Makran, because there the Session Judge is not available and the Special Judge will be from amongst the Session Judges—it proves its case, and that Special Judge will be able to pass an order or necessary orders in the nature of calling for the security and in the nature of bonds, and also can forfeit the property which is acquired through smuggling. In the past the property was in the fictitious name of other persons relatives of the real culprits. In this law the legislature considers that now those persons who are really responsible for smuggling and acquire property should also be brought under the control of this law. We have also taken notice of the unnecessary harassment which may not be created. The appeal is

provided to the Special Appellate Tribunal which will be constituted of Judge—of the High Court. These are the necessary safeguards which have been taken, but the main purpose of this is that the real culprits, who are responsible for smuggling into this country, and hire innocent people, small people from the country on petty wages, and who escape from the clutches of the law, should also be brought under control. In this manner, this law is being made more effective, so that the necessary articles which are needed for the country, for the people of Pakistan, cannot be taken out of this country by persons who are responsible for smuggling, and for which under the existing Customs Act necessary control was not made by the authorities. Now, steps are also being taken under the various provisions of this Bill that they could be controlled and the property which may be in the 'benami' nature or in the name of their relatives and associates can also be forfeited under this law by the authorities. There are some amendments which we have proposed to be made in the existing Customs Act, so that the law can be made effective.

I am sure that this august House will pass this Bill, because it is in the interest of this country, and it was needed for a long time, and the people were voicing that the real persons, who were making a lot of money and wealth from the smuggling, and those people who are taking necessary articles from this country to other countries, should be brought under control by effective legislation. I am sure that this House will pass this Bill.

Thank you.

**Mr. Chairman** : Thank you. Any gentleman wishing to participate ?

جناب محمد سلیم خاں : جناب چیئر مین ! ہمارا ملک بنیادی طور پر ایک زرعی ملک ہے اور یہ بات تسلیم شدہ ہے کہ ہمارے دیس کا محنت کش اور کھیت میں کام کرنے والا ہاری دن رات محنت کرتا ہے اور اس بات کے لئے کوشاں رہتا ہے کہ ہمارا ملک خوراک کی ضروریات میں خود کفیل ہو لیکن یہاں ایک اچھی زمین ہونے کے باوجود ، اچھا ہاری ہونے کے باوجود اچھا کسان ہونے کے باوجود ماضی میں ہم خوراک جیسی بنیادی ضرورت کے لئے دوسروں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے رہے ہیں اور اس کی بہت ساری وجوہات تھیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ عوامی حکومت اور پیپلز پارٹی نے برسراقتدار آنے کے بعد ایسا انتظام کیا کہ وہ محنت جو کسان اس ملک کو خوراک معاملے میں خود کفیل بنانے کے لئے کرتے میں اور ان کی وہ جدوجہد جو وہ اپنی پیدا کردہ روٹی کے لیے کرتے ہیں اس طور سے رائیگاں نہ جائے اور ایسے لوگوں کا ، جن کو اپنی خوشحالی ، اس ملک کی خوشحالی سے زیادہ عزیز ہے ، وہ کسانوں کی محنت سے پیدا کی جانے والی فصلوں کو سمگل کردیتے تھے اس طرح ان کی جو محنت اس ملک کو خوشحال بنانے کے لئے تھی ، وہ حاصل

**[Mr. Muhammad Salim Khan]**

نہیں ہو سکتی تھی ، اس لئے ان کا سدباب کیا جا رہا ہے - اب سمگلنگ کی روک تھام کے لئے جس قدر بھی سختیاں تجویز کی گئی ہیں وہ نہایت مناسب ہیں جب تک ہم اس برائی کو اس معاشرے سے ختم نہیں کردیتے اس وقت تک ہم اس مک کی خوشحالی میں ترقی نہیں کرسکتے - اس لئے محترم وزیر صاحب قابل مبارک ہیں کہ انہوں نے سمگلنگ جیسی برائی کو روکنے لئے موثر تجاویز پیش کی ہیں - لہذا میں ان کی پر زور تائید کرتا ہوں -

**جناب چیئرمین :** شکریہ -

**جناب محمد خالد خان :** جناب والا ! مجھے خوشی ہے کہ ہماری حکومت واضع طور پر ، خلوص نیت سے سمگلنگ کے خلاف مؤثر اقدامات کے بارے میں عملی اقدامات کررہی ہے - ہم سبھی کو یہ بہتر علم ہے کہ اس ملک کے کسانوں کے ساتھ اس ملک کے مزدوروں کے ساتھ بہت زیادتی ہوتی رہی ہے ، ظلم ہوتا رہا ہے - اس ملک کے کسان ، ہاری غلہ پیدا کرتے رہے ہیں مگر یہ غلہ اس ملک سے باہر کسی اور ملک میں چلا جاتا تھا لیکن کسان بھوکا رہتا تھا ، یہاں کے مزدور کے لئے کچھ نہیں تھا - اب یہ باتیں جو اس بل میں بتائی گئی ہیں وہ خوش آئندہ ہیں کہ اب سمگلنگ کے خلاف موثر اقدامات کئے جائیں گے -

میں جناب والا ! بلوچستان کے بارے ہیں بھی کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - وہ یہ ہے کہ وہاں سمگلر اور عام آدمی میں تمیز کی جائے - جناب والا ! اگر آج بھی کوئٹہ سے ایک عام آدمی تھوڑی سی مقدار میں ضرورت کی اشیاء ، گھی ، چینی ڈالڈا یا اس قسم کی کوئی دوسری چیز لانا چاہتا ہے تو اسپر پابندی ہے لیکن ہم نے ان چیزوں سے بھرے ٹرک دیکھے ہیں ، ان کے لئے راستے کھلے ہیں - اسلئے میں عرض کرتا ہوں کہ یہ بات دیکھی جائے کہ سمگلنگ کے خلاف جو اقدامات کئے جا رہے ہیں وہ ایسے نہ ہوں کہ جس سے عام آدمی متاثر ہو - عام آدمی اور سمگلر میں تمیز ہونی چاہیئے - عام آدمی ان قوانین کی زنجیروں سے متاثر نہ ہوں -

جناب والا ! یہ جو بل سمگلنگ کی روک تھام کے لئے آیا ہے اس میں واضح باتیں لکھی ہیں -

اس کے ساتھ میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بلوچستان میں بھی علاقے

ایسے ہیں جیسے کہ مکران ، نوشکی ، لسبیلہ اور نوکنڈی وغیرہ ہیں ۔ وہاں ان علاقوں میں کھانے کے لیے کچھ بھی نہیں ہے کیوں کہ وہ ریگستان ہیں ۔ تو پھر ہمیں کوئی متبادل بندوبست ان کے روزگار اور ان کے مسائل کے لئے کرنا ہوگا ۔ جناب والا ! اس کے بارے میں ہمیں سوچنا ہوگا کہ ان کو روٹی ملے اور باعزت کھانا ملے اور اس کے لئے وہاں کارخانے لگائے جائیں تاکہ اس لعنت سے وہاں کے عوام چھٹکارا حاصل کرسکیں ۔ تو جناب والا ! یہ ایک خوش آئند قدم ہے اور میں اس کی پر زور تائید کرتا ہوں اور صرف اتنا عرض کرتا ہوں کہ جہانتک قانون بنانے کا تعلق ہے وہ تو ٹھیک ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ وہ ادارے جو اس قانون پر عملدرآمد کے لیے بنے ہوئے ہیں وہ بھی اس بارے میں سنجیدہ ہوں تاکہ صحیح طور پر اس قانون پر عملاً اقدامات کئے جائیں اور سمگلروں کو سخت سے سخت سزا دی جاسکے اور عوام کے لیے کوئی بہتر بات بنے اور پاکستان خوشحال رہے ۔ میں اس کی پر زور تائید کرتا ہوں کیونکہ ایسے قانون کی واقعی ضرورت ہے اور عوام بہتر طور پر جانتے ہیں کہ ہمارے چیرمین جناب ذوالفقار علی بھٹو اور ان کی پارٹی خلوص نیت سے اس ملک سے برائیوں اور کرپشن کو ختم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے ۔ شکریہ

**جناب چیرمین :** یس مسٹر انصاری

**جناب فیروز الدین انصاری :** جناب چیرمین! وزیر قانون نے جو تجویز پیش کی ہے اور جو قانون سامنے آیا ہے میں اس پر انہیں مبارکباد دیتا ہوں اور یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ سمگلنگ کے بارے میں پہلے بھی قانون بنتے رہے ہیں لیکن افسوس یہ ہے کہ ان پر سختی سے عمل نہیں کیا گیا اور سمگلر اسی طرح دندناتے پھرتے ہیں ۔ خصوصاً کراچی ، حیدرآباد اور لاہور میں بیشمار سمگلر ایسے ہیں جو آج حکومت کے خلاف ، عوام کے خلاف تحریک میں حصہ لے رہے ہیں اور پھر وہ سیاست میں آرہے ہیں تاکہ سیاست میں قدم رکھتے ہی ان کو تحفظ مل سکے اور وہ کھلے بندوں سمگلنگ کا کاروبار کرسکیں ۔ تو یہ بڑا خوش آئند قدم ہے جو ہمارے وزیر قانون نے اٹھایا ہے لیکن بات صرف اتنی ہے کہ اس پر عملدرآمد بھی اتنی سختی سے کرایا جائے اور جب کسی سمگلر کے خلاف کوئی کیس ہو ، تو اس کا فیصلہ جس قدر جلد ممکن ہو کیا جائے تاکہ آئندہ سمگلنگ کی روک تھام ہوسکے ۔ نیز میں ایک اور بات بھی

[Mr. Ferozuddin Ansari]

واضح کردینا چاھتا ھوں اور یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے جس میں کوئی تعصب ھو۔ کوئٹہ میں آپ دیکھیں وھاں سمگلنگ کی کھلی چھٹی ہے اور حکومت نے وھاں مارکیٹیں بنا کر دی ھوئی ہیں اور ان میں لائٹ کا انتظام ہے اور وھاں ھر چیز کے لیے حکومت کی طرف سے ان کو بینیفٹ مل رھا ہے لیکن اگر کوئی دوسرے شہر کا آدمی کوئٹہ سے تین گز کپڑا لے آئے تو اس کے خلاف کیس ھو جاتا ہے اور وھاں کھلے عام بلیک مارکیٹنگ ھو رھی ہے۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ اگر سمگلنگ کی روک تھام کرنی ہے تو اس قسم کی مارکیٹیں بھی بند ھونی چاھئیں جنہیں کھلی چھٹی دی گئی ہے تاکہ سمگلنگ کا کاروبار ختم کیا جاسکے۔ شکریہ

جناب چیرمین : شیخ عمر خان

جناب شیخ عمر خان : جناب والا ! میں حکومت کو مبارکباد پیش کرتا ھوں کہ انہوں نے اس بل کو لا کر ایک پرانے عوامی مطالبے کو پورا کیا ہے اور اس معاشرے کو سمگلنگ سے جس حد تک نقصان پہنچتا ہے اس بل کے ذریعے اس کو ختم کیا جائے لیکن جہانتک سمگلنگ کا تعلق ہے ھم سب آپس میں بھائی ہیں اور ھمیں یہ دیکھنا ہے کہ ھر وہ آدمی جو اس ملک میں رھتا ہے چاھے وہ ملازم ھو چاھے وہ اس ملک کا شہری ھو اور چاھے وہ انتظامیہ کا آدمی ھو وہ اپنے فرائض کس حد تک پورے کرتا ہے کیونکہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ پیسہ کمانا بہت آسان ہے اور آجکل کے زمانے میں لوگ یہ کوشش کرتے ہیں کہ ھم دس دن کے اندر کروڑ پتی بن جائیں جہانتک میرے دوست جناب خالد صاحب کا تعلق ہے جو کچھ انہوں نے فرمایا ہے میں سمجھتا ھوں کہ بلوچستان ایک وسیع علاقہ ہے تو اس علاقے میں اور صوبہ سرحد ہیں دو تین جگہیں ایسی ہیں جو زمانے سے یہ کاروبار کرتے چلے آرہے ہیں اور اس میں کس کا ھاتھ ہے ، اس میں کون حصے دار ہے اور جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ قانون کے وہ محافظ جو خود انتظامیہ میں ھوتے ہیں وہ اگر چاہیں تو میں یقین سے کہتا ھوں کہ سمگلنگ بالکل نہیں ھوسکتی ہے اور سمگلنگ کو بند کرسکتے ہیں لیکن اس میں ان کا حصہ ہے اس لیے ان کو اپنے فرائض بخوبی انجام دینے چاھیں کیونکہ قانون تو ھم یہاں بناتے ہیں لیکن اس عملدرآمد کرانا انکا کام ہے اور اگر وہ اس پر عملدرآمد کرائیں تو وہ اس ملک میں بہتر زندگی گزار سکتے ہیں اس لیے اگر وہ حکومت کی پوری مدد کریں تو یقیناً سمگلنگ نہیں ھوگی اسوقت کوئٹہ

میں ایک ایک دوکان پر کروڑوں روپے کا مال ہے اور اسی طرح لنڈی کوتل اور باڑہ ہے اور ان تمام جگہوں پر چھوڑنے والے لوگ کون ہیں ہم خود ہیں کیونکہ ہر جگہ زنجیریں لگی ہوئی ہیں اور جیسا کہ میرے بھائی نے کہا ہے کہ ٹرکوں پر مال جاتا ہے اور وہ محافظ دیکھتے ہیں کیونکہ وہ مال پہاڑوں پر سے کسی آدمی کے کاندھے پر تو نہیں لے جا سکتے وہ ٹرکوں میں لایا جاتا ہے اور بڑے پیمانے پر لایا جاتا ہے اور ان کو چھوڑنے والے اگر اپنے فرائض میں تغافل نہ کریں تو سمگلنگ نہیں ہو سکتی لیکن وہ اپنے فرائض میں تغافل کرتے ہیں تو پھر سمگلروں کو یہ موقع مل جاتا ہے کہ وہ اس سے فائدہ اٹھائیں اور اگر وہ دو ہزار روپے کماتے ہیں تو ایک ہزار ان آدمیوں کو دیا جاتا ہے تاکہ وہ بھی یہ کاروبار کریں اور میرے دوسرے بھائی بھی اس سے فائدہ اٹھائیں تو یہ ایک مشترکہ کام ہے اور جب ہم قانون بنا کر دیتے ہیں تو یہ ان کا فرض ہے کہ وہ اس کی حفاظت کریں تو ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی تائید کرتا ہوں ۔

**جناب چیئرمین :** مولانا عبدالحکیم !

**مولانا عبدالحکیم :** جناب چیرمین صاحب ! زیر بحث بل جو وقت کے تقاضے کے لحاظ سے پیش کیا گیا ہے اور مجھ سے سابقہ مقررین نے جو نشاندھی فرمائی ہے حقیقت بھی یہی ہے کہ پچھلے ۲۸ ، ۲۹ سال سے جتنے قوانین اور ضابطے سمگلروں کے اس گروہ کی دھاندلی اور استحصال اور ان کی اس حرکت کو روکنے کے لئے بنائے گئے جس سے ہمارا معاشرہ اور حکومت متاثر ہوتی رہی ہے جناب والا ! حقیقت یہ ہے کہ اس پر عمل درآمد نہیں ہو رہا ہے کیونکہ جب ہم لوگ سفر کرتے ہیں تو خود اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں اور اپنے کانوں سے سنتے ہیں کہ بعض سمگلر اتنے طاقتور ہیں اور ان کا اتنا اثر ہے کہ بعض علاقوں کی انتظامیہ کو انہوں نے باقاعدہ اپنا تنخواہ دار بنا رکھا ہوا ہے اور گورنمنٹ کی اچھی پالیسی کے مطابق اگر کوئی طاقت اس برے کام کو روکنے کے لئے کوئی قدم اٹھانا چاہتی ہے تو گورنمنٹ کے گھر میں بیٹھے ہوئے بعض افسر ان کو وقت سے پہلے اطلاع کر دیتے ہیں کہ چھاپہ پڑنے والا ہے اور فلاں دن تم پر اٹیک ہوگا اور تم اپنا بچاؤ کرلو پھر یہ لاہور میں پچھلے دنوں ہوتا رہا ہے کہ بعض بڑے بڑے سہا اور گرو قسم کے سمگلروں کے پکڑنے کے لئے اخبارات میں آتا رہا ہے کہ وہ

[Maulana Abdul Hakeem]

مل نہیں رہے ہیں یہ ہو رہا ہے اور وہ ہو رہا ہے تو وہ ملیں کیسے کیونکہ جن قوتوں نے ان کو پکڑنا ہوتا ہے وہ مل کر ان کو سرحد پار کرا دیتے ہیں وہ کوٹھیاں بنا کر دیتے ہیں وہ مرسڈیز کاریں لے کر دیتے ہیں اور وہ کوٹھیوں کو سجانے کے لیے ضروری چیزیں لا کر دیتے ہیں جناب والا ! ہمارے پشتو میں کہتے ہیں :

چے سہ وخت خیمہ خوری نو ستر کے شرمیمزی

جب پیٹ کھاتا ہے تو آنکھیں شرماتی ہیں یہ برطانوی دور کے پسماندہ اور بقایا غلامانہ ذہنیت کے بعض لوگ ہیں جن کو ملک و قوم کے ساتھ کوئی محبت نہیں ہے اور اپنی شخصیت کی پرورش کے عادی ہیں تو اس میں ملوث ہو کر اس اسمگلنگ کے کار و بار کو فروغ دے رہے ہیں - میرے بھائی نے دو چار جگہوں کے نام لیے ہیں -

جناب والا ! اس ہاؤس میں کون سا ایسا ممبر ہے جو اسلام آباد و راولپنڈی سے تعلق رکھتا ہے اور یہ نہیں جانتا کہ اس شہر راولپنڈی میں بینک سکوائیر کے نزدیک باڑا مارکیٹ کھلی ہوئی ہے جناب والا ! ہماری ڈویژن ایبٹ آباد میں سمگلروں نے جھونپڑیاں ڈالی ہوئی ہیں اور باقاعدہ سمگلروں کی مارکیٹ ہے جس کے اندر کروڑوں روپے کا مال ہوتا ہے - جیسا کہ میرے فاضل دوست نے کوٹھیوں کو سجانے کے سامان کے متعلق کہا ، ان میں اتنا وزنی سامان بھی ہوتا ہے جسے دس دس آدمی بھی مل کر نہیں اٹھا سکتے یہ بھی ان مارکیٹوں میں ملتا ہے - آخر یہ ٹرانسپورٹ کے ہی ذریعہ سے آتا ہے اور ٹرانسپورٹ ہوا میں تو نہیں اڑ سکتی - ان کے ہیلی کاپٹر تو نہیں ہیں جن راستوں پر سے یہ لوگ گذرتے ہیں ان راستوں میں جو چوکیاں ہوتی ہیں ان پر ان کے باقاعدہ تنخواہ دار مقرر ہوتے ہیں جن پوسٹوں سے انہیں گذرنا ہوتا ہے ان پوسٹوں پر باقاعدہ نشانات لگے ہوتے ہیں اور جب ان کو ان چیک پوسٹوں سے گذرنا ہوتا ہے تو ایک جیپ پہلے ہی ان چوکیوں پر پہنچ جاتی ہے اور وہ ان کو بتا دیتی ہے کہ فلاں آ رہا ہے -

جناب والا ! قانون بنانا بھی بہت اچھی بات ہے وزیر قانون صاحب نے اچھا کیا کہ یہ بل پیش کر دیا لیکن میری درخواست یہ ہے کہ اس قانون پر

جاندار طریقے سے عمل کرایا جائے اور سمگلنگ کرنے والا خواہ کتنی ہی بڑی شخصیت کا باپ بیٹا بھائی دادا پردادا یا لکڑ دادا ، کوئی بلا بھی ہو اس کو معاف نہیں کرنا چاہئیے جب تک کہ اس قانون پر ، جاندار طریقے سے عمل کرا کے دو چار دس بارہ بیس سمگلروں کو اس ملک کے اندر عبرتناک سزا نہیں دی جائے گی اس وقت تک یہ مذموم و قبیح کام نہیں رک سکتا ملک کی معیشت تباہ ہوتی رہے گی اور اس ملک کے تجار اسی طرح اپنی دوکانوں میں صبح سے شام تک بیروزگار بیٹھے رہیں گے اور ٹیکسز وغیرہ سے جو گورنمنٹ کی آمدنی کے وسائل ہیں وہ بھی اس طرح ضائع جائیں گے اور معاشرہ بھی تباہ ہوتا رہے گا اس لئے یہ قانون جو بنایا جا رہا ہے نیک فال ہے اور اس پر عملدرآمد کرانا چاہیئے اور جیسا کہ دوسرے حضرات نے فرمایا کہ ملک کے اندر انتشار پھیلانے کے لئے اور بیروزگاروں اور بھنگ اور چرس پینے والوں کو جمع کر کے سڑکوں پر لانے والی قوت بھی یہی سمگلر ہیں ۔ یہ سارا پیسہ تو وہی فراہم کر رہے ہیں یہ جو ڈالر کی قیمت گر رہی ہے پاکستانی گیارہ روپے سے گر کر آٹھ روپے تک آ چکی ہے اس کی وجہ بھی یہی سمگلنگ ہے ۔ تمام سمگلر اور بدقماش ذہنیت کے افراد کے اکٹھا کر کے اور مختلف ذریعوں سے قانون کے خلاف اور آئین کے خلاف اور پرامن شہریوں کے خلاف شورش اور بداخلاقی کو فروغ دینے کا سب سے بڑا ذریعہ یہی سمگلر ہیں سمگلروں کے دلال ہیں ان کے ایجنٹ ہیں ان کی سرپرستی کرنے والے بعض افسران ہیں اس قانون کے ذریعے سے اس مرض کو جتنی جلد اور سختی سے روکا جائے اس ملک کے لئے اتنا ہی مفید ثابت ہوگا اس لئے میں اس کی تائید کرتا ہوں ۔ شکریہ

**جناب محمد خالد خان :** جناب چیئرمین صاحب ۔ ۔ ۔ ۔

**جناب چیئرمین :** میرے خیال میں بحث کافی ہو چکی ہے ۔ دوسرے بل بھی ہیں مسعود صاحب آپ بھی بولیں گے ؟

**جناب مسعود احمد خان :** میرا ایک ٹیکنیکل پوائنٹ ہے ۔

**جناب چیئرمین :** میں آپ کو بولنے سے منع نہیں کرتا ۔ سردار صاحب آپ بھی بولیں گے ؟ خالد صاحب آپ فرمائیے ؟

**جناب محمد خالد خان :** جناب والا ! معزز دوستوں نے اس بل پر کافی روشنی

**[Mr. Mohammad Khalid Khan]**

ڈالی ہے لہذا میں معزز ایوان کا زیادہ وقت نہیں لوں گا جیسا کہ ، میرے معزز ساتھی سب جانتے ہیں کہ سمگلنگ ایک بہت بڑی لعنت ہے اب دیکھنا یہ ہے کہ اس لعنت کو دور کرنے میں ہم کہاں تک کامیاب ہوئے ہیں میری ناقص رائے میں اس لعنت کو ختم کرنے کے لئے ہمیں دیکھنا چاہیئے کہ اس کے اصل اسباب کیا ہیں ۔ جیسا کہ میرے ساتھی نے ابھی فرمایا کہ کئی کئی ایسی جگہیں ہیں جہاں لوگوں کو روزگار میسر نہیں تھے ۔ کیوں نہ ہم اس کی اصل جڑ کو اکھاڑنے کی کوشش کریں اور اس کے بعد اگر کوئی شخص سمگلنگ میں ملوث پایا جائے تو اس کو موقع پر ہی شوٹ کر دیا جائے ۔ میں اس بل کی تائید اس وجہ سے بھی کروں گا کہ یہ سمگلنگ کو ختم کرنے کے لئے ایک خوش آئیند قدم ہے اور ہو سکتا ہے کہ ہم اس لعنت کو کسی قدر ختم کر سکیں ۔ اس کے لئے ہمیں بنیادی طور پر اس کی اصل جڑ اکھاڑنا ہو گی اب میں یہ گذارش کروں گا کہ اس بل کو پاس کرنے کے بعد بھی ایسی تجاویز کو ہمیں ذہن میں رکھنا ہوگا جس سے سمگلنگ کی اصل جڑ ختم ہو جائے ۔ شکریہ ۔

**جناب چیئرمین :** شکریہ ۔ فرمائیے مسعود صاحب ۔

**Mr. Masud Ahmad Khan:** Mr. Chairman, much has been said in support of this Bill and I am confident that the Government shall take effective preventive measures to check the smuggling. Through you, Sir, I would like to ask the honourable Law Minister with regard to the elucidation of one point which is agitating my mind since I have read this as to whether we can bring an amendment in the Customs Act 1969 through this Bill or we could bring another amendment in the Customs Act through a separate legislation. That is my point. Thank you very much.

**Mr. Chairman:** Yes, Sardar Mohammad Aslam. Mr. Mehboob-ur-Rehman, I am sorry he had risen before you.

**جناب چیئرمین :** سردار صاحب آپ فرمائیے ۔

**سردار محمد اسلم :** جناب چیئرمین ! محترم وزیر قانون صاحب نے موجودہ بل سمگلنگ کے انسداد کے لئے پیش کیا ہے ۔ سمگلنگ کے انسداد کے لئے پہلے بھی قوانین موجود تھے اور اب یہ اسپیشل اینیکٹمنٹ اس لئے لائی جا رہی ہے کہ شاید وزیر قانون صاحب کے خیال کے مطابق موجودہ قوانین سمگلنگ کے انسداد کے لئے کافی نہیں تھے اور ان پر پوری طرح سے عملدرآمد نہیں ہو سکتا تھا یا سمگلنگ روکی نہیں جا سکتی

تھی ۔ سمگلنگ ہمارے معاشرے میں اس طرح سرایت کر گئی ہے کہ اس کو معاشرہ سے علیحدہ کرنا یا معاشرہ کو اس سے پاک کرنا اتنا آسان اور سہل کام نہیں جتنا کہ ہمیں دکھائی دے رہا ہے ۔ سمگلنگ کے انسداد کے لئے کسی کیریئر کو راستے میں پکڑ لینا اور بڑے خوبصورت الفاظ میں ایک سینسیشو خبر اخبار میں دے دینا کہ فلاں کیریئر کو کسٹم والوں نے یا انسداد سمگلنگ کے اسٹاف نے وہاں سمگلنگ کا اتنا سامان لے جاتے پکڑ لیا ۔ ان چیزوں سے سمگلنگ نہیں روکی جا سکتی اس لئے کہ جو لوگ سمگلنگ کا کاروبار کرتے ہیں ان کے ہاتھ اتنے لمبے ہوتے ہیں کہ شاید وہ قانون کی دسترس سے باہر ہوتے ہیں ۔ آج تک یہی ثابت ہوا اور شاید اسی لئے وزیر قانون صاحب کو یہ ضرورت پڑی کہ اسپیشل اینکٹمنٹ لائیں کیونکہ موجودہ قانون کے ہاتھ شاید سمگلروں تک نہیں پہنچتے تھے اور سمگلر موجودہ قانون کی دسترس سے باہر نکل جاتے تھے اس لئے جو قانون پیش کیا جا رہا ہے ، اس قانون کو میں آدھا قانون کہوں گا کیونکہ محترم وزیر قانون صاحب نے اپنے قانون میں اس بارے میں جو تعریف بیان کی ہے وہ یہ ہے :

Section 2 (f) says :

> "Smuggling" has the same meaning as in clause (s) of section, of the Customs Act, 1969 (IV) of 1969), but in Chapter II, relates only to the taking of goods out of Pakistan ;"

اس سلسلے میں میرے معزز دوستوں نے یہ فرمایا تھا کہ کوئٹہ میں دکانیں بھری پڑی ہیں پنڈی میں دکانیں بھری پڑی ہیں یا جس طرح کہ مولانا صاحب نے فرمایا ایبٹ آباد میں دکانیں بھری پڑی ہیں وہ تو اس قانون کے تحت آ ھی نہیں رہے ۔ کیونکہ موجودہ قانون جو پیش کیا جا رہا ہے وہ صرف اس لئے پیش کیا جا رہا ہے کہ جو چیزیں پاکستان سے نکالی جائیں ۔ وہ چیزیں اس قانون میں آئیں گی ۔ جو پاکستان کے اندر لائی جائیں وہ شاید اس قانون میں نہیں آ سکتیں ۔

(*Pause*)

**Sardar Mohammad Aslam :** May I proceed Sir ?

**Mr. Chairman :** Yes, I am quit attentive.

**سردار محمد اسلم :** تو جناب ! سمگلنگ صرف خوردنی اجناس کی نہیں ہوتی ۔

[Sardar Mohammad Aslam]

پاکستان سے مختلف اشیاء کی سمگلنگ جو بیرونی ممالک کو بھیجی جاتی ہیں اور مختلف اشیاء اندرون ملک لائی جاتی ہیں - اور مختلف اشیاء ملک کے اندر ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں جو چیزیں بینڈ ہیں ، جو بند ہیں - قانونی طور پر جو چیزیں کسی ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں نہیں لے جائی جا سکتیں - وہ بھی غیرقانونی طریقے پر ملک کے اندر ادھر ادھر لے جائی جاتی ہیں - لیکن ان چیزوں کو روکنے کے لئے اور سمگلنگ کو بند کرنے کے لئے قانون بنانا تو بہت ھی اچھی چیز ہے - لیکن اس سے بھی زیادہ اچھی چیز قانون پر عمل کرنا اور اس عمل کو ثابت کرنا ہے کہ قانون کا ہاتھ اتنا لمبا ہے کہ ہر آدمی تک پہنچ سکتا ہے - ہم اخباروں میں یہاں ہر تیسرے چوتھے مہینے کوئی نہ کوئی سینسیشنل نیوز پڑتے رہتے ہیں - کہ سمگلنگ کے فلاں گروہ کا سراغ مل گیا - وہ سراغ تک تو عوام کو پتہ ہوتا ہے کہ سراغ مل گیا - لیکن سراغ سے آگے عوام کو کچھ پتہ نہیں ہوتا کہ اس سے آگے کیا ہوا - ابھی پچھلے دنوں اسی پاکستان میں ، پاکستان کا ہر اخبار گواہ ہے سیٹھ عابد کے کیس کو بڑا سنسی خیز بنا کر تمام اخبار اپنی فروختگی بڑھاتے رہے - ایک ہفتے تک پاکستان کے اخباروں میں سیٹھ عابد کی خبر کے سوا اور کوئی خبر نہیں ہوتی تھی - سیٹھ عابد کا نام ہوتا تھا - اور اس کے بعد سیٹھ عابد کا نام اسطرح غائب ہوا کہ پتہ نہیں چلا کہ وہ پاکستان کے اندر ہے - یا پاکستان کے باہر ، اس لیے کہ جو لوگ سمگلنگ کرتے ہیں - وہ سمگلرز جن کے لیے یہ قانون بنایا جا رہا ہے ، وہ عام سطح پر کبھی نہیں آتے - عام سطح پر جو لوگ آتے ہیں - اور جو لوگ قانون کی دسترس میں آتے ہیں - وہ لوگ غریب کیریئر ہوتے ہیں - کرائے پر کام کرتے ہیں - مزدوری کرتے ہیں غلط مزدوری کرتے ہیں - لیکن جن لوگوں کا اس میں ہاتھ ہوتا ہے - جن لوگوں کا اس میں سرمایہ ہوتا ہے - ان کے تو جناب اتنے لمبے ہاتھ ہوتے ہیں کہ ان تک پہنچتے پہنچتے . . . وہ جس جگہ پر بیٹھے ہوتے ہیں - وہاں آواز تک نہیں پہنچ سکتی - وہاں ہوا تک نہیں جا سکتی - وہاں انسان کیا پہنچے گا - اس لیے میں یہ گزارش ضرور کروں گا کہ قانون کے ساتھ ساتھ اس چیز کی عملداری بھی کرنی چاہیئے - اس قانون میں پرووائڈ کیا گیا ہے کہ جن لوگوں نے سمگلنگ کے ذریعے پراپرٹی اکوائر کی ہے ان لوگوں کی پراپرٹی کنفسکیٹ کیجائیگی - لیکن اس کے ساتھ ساتھ ایک اور دفعہ یہ بھی کہ اس کے

تمام رشتہ داروں - تمام لواحقین کی پراپرٹی کنفسکیٹ کیجائیگی - لیکن صرف وہ پراپرٹی جو ثابت ہو کہ صرف سمگلنگ کے ذریعے اکوائر کی گئی ہے - اب جناب ایک شخص جو سمگلنگ میں انوالو ہے جب یہ ثابت کیا جاتا ہے کہ وہ سمگلنگ کر رہا ہے - اور اگر وہ بذریعہ سمگلنگ سال میں پانچ یا دس لاکھ روپیہ کماتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ وہ ایک ایسا کام بھی کرتا ہے - جہاں سے پانچ یا دس ہزار وہ جائز مزدوری سال کے اندر حاصل کر لیتا ہے - تو کیا پتہ چلے گا کہ وہ پانچ ہزار روپیہ بلڈنگ کے کس کونے میں خرچ ہوا ہے اور باقی پانچ لاکھ کس کونے میں خرچ ہوا ہے - تاکہ اس پراپرٹی کو کاٹ کر آدھی ضبط کی جائے اور آدھی چھوڑی جائے -

اس لیے یہ لوگ پراپرٹی اکوائر کرتے ہیں - لیکن اتنا لمبا جانے کی کیا ضرورت ہے - اسکا آسان طریقہ آپ نکال سکتے ہیں کہ جن لوگوں کے خلاف یہ شک وشبہ ہو کہ ان آرڈینری سورس آف انکم اپیرنٹلی اتنا نہیں ہے جتنا کہ ان کا اسٹنڈرڈ آف لائف دکھائی دے رہا ہے - تو ان کی انکم ٹیکس ریٹرن جو وہ دیتے ہیں - ساری دنیا کو پتہ ہے کہ انکم ٹیکس ریٹرن جو ہے وہ صحیح نہیں ہوتی - جو انکم ٹیکس ریٹرن وہ دیتے ہیں اس کے مطابق ان کو ان کی انکم چھوڑ دیں - باقی پراپرٹی کو کنفسکیٹ کیجائے - Either they should prove کہ وہ کہاں سے لائے ہیں یا کنفسکیٹ کیجائے -

تو جناب ! میں گذارش کروں گا کہ اسکی جو ڈیفینیشن اسکو اگزاسٹیو بنایا جائے اور اس میں اگر سمگلنگ کو روکنا ہے اور معاشرے کو اس لعنت سے پاک کرنا ہے تو صرف چیزیں باہر نہیں جاتی ہیں - چیزیں اندر بھی آتی ہیں اور وہ بھی ملکی معیشیت کو تباہ کرتی ہیں - اور پھر جن راستوں سے آتی ہیں یا جن علاقوں سے آتی ہیں - ان علاقوں میں کچھ لوگ جو مجبوراً پیسہ کمانے کے لیے سمگلنگ کرتے ہیں اور دوسرے لوگ جو اس میں ملوث ہوتے ہیں ان کو شاید روزگار نہیں ملتا اور مجبوراً وہ اپنے آپ کو اسمیں ملوث کرتے ہیں - تو اس لئے میں یہ گزارش ضرور کروں گا اسکی ڈیفینیشن کو ایکسٹینسو کیا جائے اور جناب میری دوسری گذارش یہ ہے کہ پریوینٹیو ڈیٹینشن ٹھیک ہے کہ اگر کسی پر یہ شک ہو کہ سمگلنگ میں انوالو ہے - اور حالات میں عام قانون کے تحت شاید اس کے خلاف پروسیڈ نہ کیا جا سکے تو اس کی اگر وہ پریوینٹیوڈیٹینشن کیجا رہی ہے - تو پھر ریوینیو بورڈ کو کم از کم جوڈیشنل پاور دیجائے - کیولکہ

[Sardar Mohammad Aslam]

گورنمنٹ کے پاس پریوینٹیو ڈیٹنشن ہے - تین مہینے پریوینٹیو ڈیٹنشن کر سکتی ہے - اسکے بعد ریویو بورڈ صرف اوپینین دیتا ہے - اور اوپینین جو ہے وہ بائنڈنگ نہیں ہے کہ اس کو مانا جائے یا نہ مانا جائے تو جناب چیئر مین ! اگر تین مہینے کی پریونٹو ڈیٹینشن رکی جا سکتی ہے - تو پھر ریویو بورڈ کو جوڈیشیل پاور بھی دیجائے - شکریہ -

**Mr. Chairman:** Thank you, yes, Mr. Mahboob-ur-Rehman.

جناب محبوب الرحمن : جناب چیئرمین ! عوامی حکومت اور لاء منسٹر قابل تحسین ہیں - اور میں انھیں مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انھوں نے اس معزز ایوان میں ایک مؤثر قانون سمگلنگ کے بارے میں انٹرڈیوس کرایا ہے لیکن میری طرف سے اس سلسلے میں ایک ، دو گذارشات ہیں - ایک یہ کہ جب بھی اور جس وقت بھی سمگلنگ کو روکنے کیلئے اس کو ختم کرنے کیلئے سختی کی گئی تو انسداد سمگلنگ عملہ جو ہے یا جو محکمہ انسداد سمگلنگ ہے اس نے بجائے اس کے کہ سمگلنگ کو کاونٹر کرنے کے لیے یا سمگلنگ کو روکنے کے لئے کوئی قدم اٹھایا ہو بجائے اس کے اس نے عام لوگوں پر سختی کی - چونکہ میں ایک پسماندہ صوبے یعنی صوبہ سرحد سے تعلق رکھتا ہوں جہاں پر یہ لعنت موجود ہے - اور جب بھی میں پنڈی کی طرف ، پنجاب کیطرف آیا میں نے دیکھا کہ بسوں کو تقریباً چار ، چھ جگہ پر کھڑا کیا جاتا ہے اور دس ، دس ، پندرہ ، پندرہ منٹ ٹھہرایا جاتا ہے - مسافروں کو تکلیف دی جاتی ہے - اور اتنی پوسٹوں کے ہونے کے باوجود سمگلنگ کنٹرول نہ ہوسکی اور جیسا کہ میرے معزز ساتھی جناب مولانا صاحب نے فرمایا کہ جگہ جگہ پر سمگلنگ کے اڈے ہیں اور وہاں پر یہ کاروبار ہو رہا ہے تو میری گذارش یہ ہے - اور میں جناب سردار اسلم کی تائید کرتا ہوں کہ اس میں جیسا کہ لاء انٹرو ڈیوس ہوا ہے - یہاں سے ملک سے باہر جانے کیلئے تو ہے لیکن باہر سے جو چیزیں پاکستان کے اندر آتی ہیں ان کے لیے اس میں کوئی ایسا پراویژن کیا جائے کہ باہر سے بھی چیزیں نہ آسکیں تاکہ اس ملک کا سرمایہ باہر نہ جا سکے - اور میں اس بل کی پر زور تائید کرتا ہوں کیونکہ اس ملک میں جہاں ہمیشہ گندم کی کمی گھی کی کمی ، ہم زرعی ملک میں اور جو کچھ ہم پیدا کرتے ہیں اس کی کمی کا بڑا سببب سمگلنگ ہے - اور انشاء اللہ تعالیٰ مجھے قوی امید ہے کہ اس بل کے لانے

سے اور منظور ہونے سے اس کا سدباب ہوسکیگا ۔ آخر میں یہ التماس ضرور کروں گا کہ باہر آنیوالی چیزوں کی بھی مؤثر روک تھام کیجائے ۔ شکریہ

**Mr. Chairman**: Thank you. Yes, Mr. Shinvari. I think he should be the last Speaker. We have had enough of debate.

**جناب نعمت اللہ خان شنواری**: میں اس بل پر کچھ کہنے کے لئے آج بھی تیاری کرکے نہیں آیا تھا ۔ کیونکہ میرا خیال تھا کہ یہ بل جو کل ہی قومی اسمبلی سے پاس ہوا ہے یہ سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس بھیجا جائیگا اور اس پر ایک دو دن کے بعد بحث ہوگی ۔ میں اگر اس وقت ہوتا تو یہ تجویز ضرور پیش کرتا تاکہ اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس بھیجا جائے لیکن مجھے بڑے افسوس سے اپنے دوستوں کو کہنا پڑتا ہے ۔ یہاں میرے بہت سے معزز دوست موجود تھے میں پندرہ منٹ لیٹ آیا تھا ۔ انہوں نے اس بل پر یہ ترمیم کیوں پیش نہ کی کہ ایسے سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس بھیجا جائے اور آئیندہ کے لئے اپنے دوستوں سے اپیل کروں گا کہ اگر اس قسم کا جو ملک کے لئے فائدہ مند ثابت ہوں ، ایسے سٹینڈنگ کمیٹی میں بھیجنا چاہیئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت ضروری بل تھا اگر اس پر بحث کے لئے مزید وقت ملتا تو ممکن تھا کہ جس شکل میں یہ بل اب ایوان میں زیر بحث ہے اس سے اچھی شکل میں ہوتا ہے ۔

جناب والا ! بہت بڑی بات جو اس بل کے متعلق میں کہنا چاہتا ہوں کہ اور اس کا ذکر مجھ سے پہلے میرے کچھ دوست کرچکے ہیں ۔ سرداد اسلم اور کچھ دوستوں نے لنڈی کوتل اور باڑہ کے بازاروں کا ذکر کیا ہے ۔ میں ان کا مشکور ہوں کہ انہوں نے ان بازاروں کے متعلق وضاحت کی ہے ۔ جہاں تک قبائلی علاقوں میں ان بازاروں کا تعلق ہے یہ قبائلیوں نے اپنے لیے بنائے ہوئے ہیں ۔ لنڈی کوتل اور باڑہ کے بازاروں ہیں اگر آپ لوگ نہ جائیں تو اس کے لئے قبائلیوں نے کسی کو مجبور نہیں کیا کہ آپ آکر ان چیزوں کو خریدیں اور ان کی سمگلنگ کریں ، کسٹم کے سٹاف کو رشوت دیں لیکن جیسا کہ مولانا عبدالحکیم اور دوسرے دوستوں نے کہا ہے کہ پنڈی شہر کے اندر اور کوئٹہ شہر کے اندر ایسے بازار کھلے ہوئے ہیں جناب والا ! میں عرض کرتا ہوں کہ ۱۹۷۴ء میں مجھے کوئٹہ جانے کا اتفاق ہوا ہے میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ باڑہ سے زیادہ دوکانیں اس شہر کے وسط میں موجود ہیں اس میں ہر وہ چیز موجود ہے جو باڑہ کے بازار میں موجود ہے یا لنڈی کوتل کے

[Mr. Nimatullah Khan Shinwari]

بازار میں موجود ہے اور اسی طرح ایبٹ آباد میں بھی ایک بازار ہے اور بالکل ایسی ہی دوکانیں کراچی کی سٹریٹ ''الفنسٹن'' میں موجود ہیں اور وہاں بھی آپ کو ہر وہ چیز سوائے ایرکنڈیشنر اور ریفریجریٹر کے مل سکتی ہے میرے خیال میں یہ بھی اب ملنے لگی ہیں کیونکہ اسپورٹ لائیسنس پر یہ چیزیں آجاتی ہیں اسلئے دوبئی سے لانچوں پر یہ چیزیں آجاتی ہیں اور اس طرح کھلے بازاروں میں یہ چیزیں بک رہی ہیں لیکن سب سے ضروری کام جسکا میرے دوستوں نے بھی ذکر کیا ہے وہ یہ ہے کہ کسٹم کے عملے پر بھی پابندیاں لگنی چاہئیں لنڈی کوتل سے پشاور آتے ہوئے ، اگر میں مبالغہ نہ بھی کروں تو تب بھی میرے خیال میں گیارہ بارہ جگہوں پر ایک ایک ٹرک کی تلاشی لی جاتی ہے - خیبر رائفل ، کسٹم اور پولیٹیکل ایجنٹ کا عملہ تورخم پر ہی اکٹھے ان کی چیکنگ کردیتا ہے وہاں سے دومیل کے فاصلے پر مچھنی پوسٹ پر ، خیبررائفل اور پولیٹیکل ایجنٹ کا عملہ چیکنگ کرلیتا ہے اسکے بعد لنڈی کوتل میں دوبارہ اسکی چیکنگ ہوتی ہے پھر بگیاڑی پوسٹ پرخیبررائفل اور پولیٹیکل ایجنٹ کاسٹاف چیکنگ کرتا ہے اسکے بعد جمرود میں بھی تین ایجنسیاں اسکی تلاشی لیتی ہے ہر ٹرک کی تلاشی لیتی ہیں - پھر اسلامیہ کالج کے پاس دو چیکنگ پوسٹ پر فرنٹیر کنسٹیبلری اور کسٹم کا عملہ چیکنگ کرتا ہے اگر کسی ٹرک کو کل جمرود یا اسلامیہ کالج کے درمیان پشاور کی پولیس پکڑ لے تو اس کا واضح مطلب یہ ہے کہ یہ پچھلی دس بارہ پوسٹوں پر رشوت دیکر یہاں پہنچے ہیں اسلئے میں عرض کرتا ہوں کہ کوئی ایسا قانون بنایا جائے کہ ان بارہ چیکنگ پوسٹوں پر یا ایجنسیوں پر جتنا عملہ ہو ان پر بھی کوئی پابندی ہونی چاہیے آخر ھوا میں ٹرک پشاور تو نہیں پہنچ سکتا ہے اگر کوئی چیز لنڈی کوتل اور جمرود کے درمیان پکڑی جاتی ہے تو اس کے متعلق تو آپ کہہ سکتے ہیں کہ ٹھیک ہے یہ سامان کہیں کہیں سے لادا گیا ہوگا - لیکن یہ جو مال باڑہ سے لاتے ہیں یہ مال باڑہ چیکنگ پوسٹ اور پشاور کے درمیان کبھی کبھی پولیس کے سوار پکڑلیتے ہیں ان کے متعلق باڑہ چیکنگ پوسٹ سے کسی نے کبھی نہیں پوچھا اس کے علاوہ اگر ایک کسٹم کا سپاہی آپ کا واقف ہے تو آپ پورا ٹرک لاسکتے ہیں لیکن اگر ایک شخص لاہور یا پنڈی کا ، کسی کام کے لئے پشاور جاتا ہے اور وہاں سے اپنے بیوی بچوں کے لئے دو ، چار جرابیں ، یا کوئی قمیض کا ٹکرا لے آتا ہے تو اس کو پولیس والے پکڑ لیتے ہیں اور اسے پریشان کرتے ہیں -

جناب والا ! میں عرض کرتا ہوں کہ میں نے اپنی آنکھوں سے موٹرکاروں میں باوردی سپاہی دیکھے ہیں جن کو اشارہ ہوا ہے کہ آپ جاسکتے ہیں ، جناب والا ! بغیر وردی کے نہیں جناب چیئر مین ! باوردی دیکھے ہیں ۔ مجھے افسوس ہے کہ اس بل کو پیش کرتے وقت وزیر خزانہ صاحب کو اس ہاؤس میں موجود ہونا چاہیے تھا تاکہ ان کے نوٹس میں یہ باتیں آتیں اور وہ ان کے متعلق ریونیو بورڈ کو لکھ دیتے ۔

جناب والا ! اس کے علاوہ کسٹم کے عملے نے اپنے لئے شاپس بنائی ہوئی ہیں اور وہ شاپس اسلئے بنائی ہوئی ہیں کہ لوگوں سے جو ۱۰ ، ۱۰ گز کپڑا پکڑا جاتا ہے وہ ان شاپوں پر لے آتے ہیں اور پھر وہ اپنے رشتہ داروں میں تقسیم کرلیتے ہیں اگر وزیر خزانہ کسی شخص کو لکھ دیں کہ فلاں چیز شاپس سے جاکر لے لیں تو وہ اسکو نہیں ملے گی لیکن اگر ریونیو بورڈ کا کوئی افسر یا کسٹم کا کوئی کلرک اگر کوئی چیز مانگے تو اسکو فوراً مل جائے گی میرے علم میں یہ بات ہے کہ پچھلے وزیر خزانہ صاحب نے ایسی چند چیزوں کے بارے میں ایک شخص کے لئے لکھا تھا کہ کسٹم شاپ پشاور سے یہ لے لیں لیکن وہ آج تک نہیں مل سکی ہیں اور اگر فنانس ڈیپارٹمنٹ کا سکریٹری لکھ دے تو اس شخص کو چیزیں مل جائیں گی ۔ تو جناب والا میں عرض کرتا ہوں کہ اس بل کو جلدی میں پاس کرنے کی کوئی خاص ضرورت نہیں تھی ۔

جناب والا ! اس کے علاوہ جیسا کہ سردار اسلم صاحب نے بھی کہا ہے کہ سمگلروں کے رشتہ داروں کو بھی سزا دی جاسکتی ہے ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں اس کے بعد وزیر خزانہ صاحب کو کئی اور بل پیش کرنے پڑیں گے اگر ایک قاتل کے رشتہ دار کو سزا نہیں ملتی اور اس کے خلاف کسی سمگلر کے رشتہ دار کو سزا ملتی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ اچھی روایت نہیں ہے یا پھر اس کے بعد ہمیں اور بل بھی پاس کرنے پڑیں گے ۔ جناب والا ، میں عرض کرتا ہوں کہ اغوا کرنے والوں کے رشتہ داروں کو سزا ملنا بہت ضروری ہے ۔ موٹر گاڑیوں کے چوروں کے رشتہ داروں کو سزا ملنا بہت ضروری ہے ۔ سمگلروں کے رشتہ داروں کو سزا دینے سے متعلق مجھے کوئی ذاتی اعتراض نہیں ہے لیکن مجھے یقین ہے کہ اس طرح سے بے گناہ رشتہ داروں کے بھی نام آئیں گے اگر کوئی پولیس افسر کسی کے خلاف ہے تو صرف اس وجہ سے اس کا نام رکھے گا اور اس سے پیسے وصول کرے گا اور ان کے خلاف

[Mr. Nimatullah Khan Shinwari]

کیس بنائے کا جس طرح سردار اسلم صاحب نے کہا ہے کہ پچھلے دنوں عابد سمگلر کے بارے میں اخبارات میں مختلف قسم کی خبریں اور آرٹیکل چھپے تھے لیکن میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ سیٹھ عابد اس وقت کراچی میں تھا اور پولیس والوں کو اس کا پتہ تھا اس سے لاکھوں روپے لیکر جعلی پاسپورٹ بنواکر یورپ جانے کا ٹائم دیا ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ پولیس والوں نے لاکھوں روپے ان سے لئے ہیں باہر جانے کے ۔ اور میں اب بھی دعوے سے کہتا ہوں آئندہ بھی ایسا ہوگا ۔ اسلئے میں گزارش کرتا ہوں کہ یہ ایک مفید بل تھا اگر اسے تیزی سے پاس نہ کیا جاتا تو اس پر مزید غور ہوسکتا تھا ویسے میں اس سے زیادہ سخت قانون کی حمایت کرنے کو تیار ہوں اس بل کے متعلق مجھے کوئی ذاتی اعتراض نہیں ہے میں چاہتا ہوں کہ اس قسم کے بل یہاں آئیں اور ان میں ایسی دفعات ضرور ہوں جن سے سمگلنگ کی روک تھام ہوسکے ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ آئندہ کے لئے ایسے بل جلدی میں پاس کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے لیکن بہر حال یہ ایک ضروری بل ہے اسلئے میں اس کی تائید کرتا ہوں اور وزیر خزانہ سے استدعا کرتا ہوں کہ آئندہ کچھ عرصہ کے بعد ایسی امنڈمنٹ لائیں ۔ جن میں مزید تحفظات ہوں اور ان پر عملدرآمد کی بھی ضرورت ہے ۔

**Mr. Chairman :** Thank you. Now, I will put the question.

The question before the House is :

> "That the Bill to provide for effective prevention of smuggling and for matters connected therewith [The Prevention of smuggling Bill 1977], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

(*The motion was adopted*)

**Mr Chairman :** Now, we take up clause by clause consideration of the Bill.

We start with Clause 2. Yes ?

**Mr. S. M. Masud :** Sir; I would suggest that since there are no amendments, the Bill may be put together.

**Mr. Chairman :** That is what I am going to do. I am taking the whole Bill clause by clause.

Now, the question before the House is :

"That Clause 2 forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman :** The Motion is carried. Clause 2 forms part of the Bill.

Now, there are no amendments, as pointed out by the Law Minister. I think, we can safely take all the clauses together. This is the normal procedure and routine that when there are no amendments, normally we take all the clause together.

So, I think, we should put from Clause 3 to Clause 51 together. I will put the repeal clause separately. I think, that also is a clause.

Now, the next question before the House is :

"That Clauses from 3 to 51, both inclusive, form part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman :** All the Clauses from 3 to 51 form part of the Bill. Now, the question before the House is :

"That Clause 52, relating to repeal, forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman :** Clause 52 also forms part of the Bill. Now last.

The question before the House is :

"That Clause 1, Preamble, and Title form part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman :** Clause 1, Preamble and Title also form part of the Bill.

Now, we move on to item No. 3.

**Mr. S. M. Masud :** Sir, I beg to move :

"That the Bill to provide for effective prevention of smuggling and for matters connected therewith [The Prevention of Smuggling Bill, 1977], be passed.

**Mr. Chairman :** The motion moved is :

"That the Bill to provide for effective prevention of smuggling and for matters connected therewith [The Prevention of smuggling Bill, 1977], be passed.

*(Mr. S. M. Masud stands up)*

**Mr. Chairman :** No, no, you can explain the whole thing. You can explain, but I do not think it will require elaborate explanation or elaborate discussion. We already had a very exhaustive debate.

**Mr. S. M. Masud :** I just wanted to remove the doubts which were in the mind of the honourable Members of this House at the time of first reading.

One of the points which was raised was whether we can amend the Customs Act by this legislation or not. If we study this legislation we will find that it is para-material with the Customs Act, and definitions which are contained have heen adopted in this together with certain other provisions of the Customs Act. So, by this legislation which is para-material with the Customs Act we can necessarily amend the provisions of the Customs Act, and we have in the past also various legislative Bills in which we have amended the other Legislative Bills which were para-material with the same Legislation. The other points which have been raised indicate that there seem to be doubt in respect of the definition of smuggling. We are not changing the definition of smuggling as contained in the Customs Act. Anything which is brought into the country contrary to the Customs Act, and which is not brought in accordance with law, that property and the property which is acquired on acount of sale of those goods will be liable to forfeiture under this Act and the Custom Act also. As was being pointed out by certain Members that those persons who are really responsible, and they make buildings on account of sale of those goods which are imported into the country contrary to the Customs Act, this is the law which is now going to check that, and the Government and the executive will be having the necessary authority to forfeit. But the fear that the innocent people like relatives and associates may be involved, is also, I think, not true, because only if it is suspected that this particular property is being held or was acquired on account of smuggling, that property will be liable, and the burden of proof is being put on the man to show that he has necessary, sufficient means. Even this is also included that he has to show the means and that he had the necessary income to make that property. If he has ostensibly no means and it is the property acquired by illegal means, then that is liable to be forfeited. I was using the term benami. As your honour is very well aware, benami is that property which a real person does not own in his name and keeps it in the name of somebody else as had been done in many cases. That property is also liable to be forfeiture.

Other point which was raised was that we are excluding goods which will be imported into this country from this definition of smuggling. I think this is not correct. If anything, which is necessary for the community of this country, is smuggled out, then that person can be detained under the laws of preventive detention, which is contained

in the Charter 2, but if it is imported or something which is acquired by sale of those goods, then the Customs Act will be applicable ; and anything which is acquired will be liable under this law. S both the situations have been covered. Anybody who sends necessary articles from Pakistan outside will be put under this Prevention detention. But something which is acquired will also be covered under the Customs Act, and he will be also liable under this law and the Customs Act. I think, that should clear the doubts in the minds of the honourable Members. Thank you.

**Mr. Chairman :** Thank you. Yes, now I will put the motion to the House.

The question before the House is :

"That the Bill to provide for effective prevention of smuggling and for matters connected therewith [The Prevention of smuggling Bill, 1977], be passed."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman :** The Bill stands adopted unanimously.

Next, Item No. 4, Mr. Masud.

## THE PREVENTION OF CORRUPTION LAWS (AMENDMENT) BILL, 1977

**Mr. S. M. Masud :** Sir, I beg to move :

"That the Bill further to amend certain laws relating to prevention of corruption [The Prevention of Corruption Laws (Amendment] Bill, 1977), as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

**Mr. Chairman :** The motion moved is :

"That the Bill, further to amend certain laws relating to prevention of corruption [The Prevention of Corruption Laws (Amendment) Bill, 1977], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

Yes, would you like to explain ?

**Mr. S. M. Masud :** Sir, this amending Bill as passed by the National Assembly is in respect of inclusion of certain kinds of the employees of those Corporations which have been nationalised by the Government. Now, there have been certain laws in which the employees of the corporate bodies have been considered as public servants and the Corporation Laws were applicable to those persons also who were the employees of the corporate bodies like the Government servants. But a doubt has arisen whether those persons who were the employees of

[Mr. S. M. Masud]

those companies which have been nationalised, are also covered by the definition of public servants or not. Now to remove that difficulty the amendment is being made in various laws which I just enumerated before this august House, namely, the Pakistan Penal Act, the Prevention of Corruption Act, 1947, the Pakistan Criminal Law (Amendment) Act, 1974, the Federal Investigation Agency Act, 1974. So, if there is a complaint received that these persons, those employees of the nationalised agencies are doing some corruption, then they can also be investigated by the Federal Investigation Agency, and would also be brought under the necessary laws which are already on the statute book for the prevention of corruption. So, the amendment is only for the definition of public servants to include such employees of the nationalised industries and the corporations which have been taken by the Government. Thank you.

**Mr. Chairman:** Thank you, Mr. Khoso you don't seem to be satisfied with the explanation.

**Mr. Afzal Khan Khoso:** No, Sir, I feel quite satisfied with the explanation. If I understand the Bill correctly, the only thing is that they want to bring within the ambit of this Bill the servants of the Corporations, semi-Government controlled and other organisations. You know so many corporations have been set up. It was doubtful whether the employees of those corporations can also be covered. Now, this Bill, seeks to include them also, and I appreciate, but I want to add something to it by way of reference, Sir.

